


الحمد للہ رب العلمین و الصلوۃ و السلام علی خاتمِ النَّبِیّٖن اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

# "نیک بن جاؤں جی چاہتا ہے"کے 18حروف کی نسبت سے سیکھنے سکھانے کا حلقہ کے 18 مدنی پھول

**﴿عالمی مجلس مشاورت(دعوتِ اسلامی)﴾**

﴿1﴾ شیخِ طریقت امیر اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی یہ خواہش ہے کہ دعوتِ اسلامی کو چلانے والے، اس کا دینی کام کرنے والے تربیت یافتہ ہوں،لہٰذا ہر ماہ تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) سطح پر منعقد ہونے والا" **سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ** " ذمہ داران کی تربیت کا ایک اہم اور بہترین ذریعہ ہے۔چنانچہ ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہنوں کو چاہیے کہ شیخِ طریقت امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے پابندی کے ساتھ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں شرکت فرما کر وہاں سے ملنے والے مدنی پھولوں کی خوشبوؤں سے نہ صرف خود اپنے آپ کو بلکہ دیگر اسلامی بہنوں کو بھی مشکبار کرنے کے لیے کوشاں رہیں۔

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نِیّت اس کے عَمَل سے بہتر ہے**۔(معجم کبیر،۳/۵۲۵،حدیث:۵۹۴۲) لہٰذا شعبہ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (تحصیل/ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن تارکن شعبہ بین الاقوامی امور) **نِیّت فرمالیں: میں اللہ پاک کی رضا پانے اور سرکار** صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم **کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کا کام مَدَنی مَرکَز کے طریقۂ کار کے مُطابِق کروں گی۔** اِنْ شَاءَ اللہُ الْکَرِیْم

﴿2﴾ ہر انگریزی ماہ کے تیسرے ہفتے کا کوئی ایک دن مقرر کر کے تحصیل / ٹاؤن(اوور سیز میں ڈویژن) سطح پر **سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ** کا انعقاد کیجئے۔﴿دورانیہ 2 گھنٹے 30منٹ (اوور سیز میں 1 گھنٹہ 30 منٹ)﴾ دن اور وقت مخصوص رکھیے۔مدنی مرکز کے دیئے ہوئے طریقۂ کار کے مطابق غسل،وضو،نماز،سنتیں،دعائیں نیز عورتوں کے شرعی مسائل وغیرہ درست تلفظ سکھائیے نیز شجرۂ عطاریہ کے اوراد وظائف بھی یاد کروائیے اور انفرادی کوشش کے ذریعے دینی کام بڑھانے کا ذہن دیجئے۔

دینی کام سمجھا کر احسن طریقے (انداز) میں کوئی ذمہ داری سونپ دیجئے۔ نیز امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ اور مرکزی مجلس شوریٰ کی طرف سے جاری ہونے والے "مدنی پھول" کے مطابق اسلامی بہنوں کی تربیت کیجئے۔

☆ بیرونِ ملک سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ اور سنتوں بھرے اجتماع کا انعقاد الگ الگ دنوں میں ہو تاکہ سنتوں بھرے اجتماع کے بعد انفرادی کوشش و دیگر دینی کام بآسانی کر سکیں۔

☆ اوورسیز میں جن ملکوں میں ذمہ دار اسلامی بہنوں کی تعداد 8 سے کم ہو وہاں سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ نہ کیا جائے بلکہ ہفتہ وار درس و بیان کا حلقہ لگا کر نئی مبلغات تیار کرنے کا سلسلہ ہو اور جہاں تعداد 8 ہو جائے وہاں سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ شروع کر دیا جائے۔

☆ اوورسیز (عِلاوہ ملک خواجہ و رضا) میں جہاں "2 گھنٹے 30 منٹ" دورانیے میں آزمائش ہو تو وہاں کم و بیش 1 گھنٹہ 30 منٹ کا سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ لگایا جائے۔

☆ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ اسکائپ پر نہیں کیا جا سکتا۔ (البتہ لاک ڈاؤن وغیرہ میں اجازت کے ساتھ کیا جا سکتا ہے) سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ لگانے کا طریقہ اسکائپ پر ریجن نگران اسلامی بہن کے ذریعے سمجھایا جا سکتا ہے مگر پریکٹیکل نہیں دکھایا جا سکتا۔

☆ 3 / 12 دن کے "دینی کام کورس" میں سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ کا پریکٹیکل سکھایا جاتا ہے جو ذمہ داران اپنے تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ میں بہتری چاہتی ہیں تو 3 / 12 دن کا "دینی کام کورس" ضرور کریں۔ (3 دن کا دینی کام کورس صرف بیرونِ ملک کے لیے ہے) اور جو غیر رہائشی چاہیں تو 3 دن کا "کورس برائے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ" ضرور کیا جائے۔

## ﴾3﴿ ذمہ داران کی تقرری:

☆ شعبہ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ پر شعبہ ذمہ دار کی تقرری تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا شعبہ بین الاقوامی امور ہے اور یہ شعبہ محفلِ نعت ذمہ دار کے پاس ہی ہو گا۔

☆ **سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار** باصلاحیت، خود اعتماد، وقت کی پابند، مدنی مذاکرہ کی عاشقہ و شائقہ، دینی کاموں میں بھرپور حصہ لینے والی، احساسِ ذمہ داری کی حامل، اطاعت گزار، امانت دار، وفادار، باکردار، بااخلاق، سنجیدہ، کم گو، عاجزی کی پیکر، ، نیک اعمال کی عاملہ، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، تحمل مزاج، دعوتِ اسلامی کے اصولوں کی آئینہ دار، مدنی مشوروں کی پابند، اپنے شعبے سے متعلق معلومات ہو الغرض سراپا ترغیب ہو،

☆ کسی بھی سطح اور شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس بات کی اہل ہیں۔ تنظیمی ذمہ داری دیتے وقت اس کی اَہلیّت اور ذمہ دار اسلامی بہنوں کے ساتھ شرعی و تنظیمی اصولوں کے مطابق ذہنی ہم آہنگی ضرور دیکھی جائے۔ 11 مئی 2009 کے نگرانِ شوریٰ کے مدنی مشورے میں ایک مدنی پھول یہ بھی تھا کہ! **"اہل اور ہم ذہن کو دینی کام دیا جائے۔"**

| نمبر شمار | سطح | | اسلامی بہن |
|---|---|---|---|
| | پاکستان | اوورسیز | |
| 2 | تحصیل / ٹاؤن | ڈویژن | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح |
| 3 | ڈسٹرکٹ / میٹروپولیٹن | کابینہ | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ / میٹرو پولیٹن (اوورسیز میں کابینہ سطح) |
| 4 | ڈویژن | زون | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح |
| 5 | صوبہ / سٹی | ریجن | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (صوبہ / سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح) |
| 6 | ملک | ملک | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (ملک سطح) |
| 7 | ---- | | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (ریجن سطح اوورسیز) |
| 8 | ---- | | سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (رکن شعبہ بین الاقوامی امور) |

﴾4﴿ "سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ" کے لئے بہتر ہے کہ تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں اگر مدرسۃ المدینہ (گرلز) / جامعۃ المدینہ (گرلز) ہوں تو وہیں منعقد کیا جائے بصورتِ دیگر **"جگہ کا انتخاب کرنے کے مدنی پھول** (سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ) " کے مطابق جگہ منتخب کی جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿5﴾ سیکھنے سکھانے کا حلقہ، **"ماہانہ کارکردگی برائے سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار" مع "اجازت نامے"**، **"سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کا شیڈول** (ملکِ مرشد و ملک خواجہ ورضا کے لیے)"، "**سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کا شیڈول** (اوور سیز کے لیے) (یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)"، "**مدنی بہار فارم**"، "**کارکردگی برائے المدینہ لائبریری** (**سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ**)" (یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)، "**مدنی پھول برائے مکتبۃ المدینہ (للبنات) کا اسٹال لگانے والی اسلامی بہن**" (یہ پیپر "مکتبۃ المدینہ (للبنات) کے مدنی پھولوں میں موجود ہے) کے مطابق سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ کیا جائے۔

﴿6﴾ **اہداف**:

فی تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) = **1 سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ**

شرکاء فی تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) **41 اسلامی بہنیں۔**

**ہدف﴿شرکاء سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ﴾** = فی ذیلی حلقہ 17 اسلامی بہنیں ہے۔

ہر ماہ ذمہ داران کو ہدف دیا جاتا ہے " سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ "کا ہدف پورا کرنے کے لیے سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) تا رکن شعبہ بین الاقوامی امور سطح) خوش دلی کے ساتھ بھرپور کوشش فرمائیں۔

﴿7﴾ سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ کو مضبوط بنانے کے لیے تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) نگران و سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار اسلامی بہنیں اپنی حدود میں تمام یو سی / سیکٹر (اوور سیز میں ذیلی) نگران اور شعبہ ذمہ داران " سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ "میں پابندی سے شرکت کے لیے انفرادی کوشش فرمائیں اور اس کا Follow Up بھی کریں۔

☆ اگر کبھی سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ والے دن عام تعطیل (National Holiday) ہو یا ملکی حالات کشیدہ ہوں (مثلاً ہڑتال وغیرہ) (جس میں ذمہ داران کو نکلنے میں آزمائش ہو) ایسی صورت میں سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ ذمہ دار (ڈویژن (اوور سیز میں زون) سطح) کی اجازت و رہنمائی سے سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ کا دن تبدیل کر دیں بصورتِ دیگر اس دن سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ نہ کیا جائے۔

﴿8﴾ سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ میں اگر تعداد اتنی زیادہ ہو جائے کہ شرکاء تک آواز پہنچانا مشکل ہو یا تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) **وسیع ہونے کی وجہ سے شرکاء کا شرعی سفر بنتا ہو تو** سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) میں دو جگہ تقسیم کر دیا جائے۔

☆ سیکھنے سکھانے کا **ماہانہ دینی** حلقہ تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) سطح پر ہوتا ہے، اگر تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) کی حدود بہت بڑی ہوں، یو سی / سیکٹر (اوور سیز میں ذیلی) دور دور ہیں لیکن شرعی سفر نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں گاڑیاں چلائی جائیں تاکہ شرکاء بآسانی سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ میں شرکت کر سکیں۔ گاڑیاں چلانے کی صورت میں اس کا کرایہ اگر اسلامی بہنیں دے سکتی ہوں تو ٹھیک ہے پھر رقم میں جو کمی رہ جائے وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کی اسلامی بہن کے ذریعے طلب کر کے پوری کی جاسکتی ہے۔

﴿9﴾ سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ میں مکتبۃ المدینہ (للبنات) "کا اسٹال "**مدنی پھول برائے مکتبۃ المدینہ (للبنات) کا اسٹال لگانے والی اسلامی بہن**" کے مطابق لگایا جائے۔

﴿10﴾ ہر تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) کے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے میں ایک" **المدینہ لائبریری** " قائم کی جائے اور اس کے لیے ایک سمجھدار، وقت کی پابند، پڑھی لکھی، امانت دار، احساسِ ذِمّہ داری کی حامل، وسیع مطالعہ، کتب و رسائل سے شغف (دلچسپی) رکھنے والی اسلامی بہن کو ذمہ دار مقرر کیا جائے۔ (بہتر ہے کہ اگر یو سی / سیکٹر (اوور سیز میں ذیلی) نگران میں یہ خصوصیات ہوں تو انہیں یہ ذمہ داری دے دی جائے)

☆ متعلقہ ذمہ دار کو "کارکردگی برائے المدینہ لائبریری" اچھی طرح سمجھا کر دی جائے۔

﴿11﴾ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوور سیز میں کابینہ) و ڈویژن (اوور سیز میں زون) سطح) سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں کو مضبوط بنانے اور کمزوریاں دور کرنے کے لیے تمام تحصیل / ٹاؤن (اوور سیز میں ڈویژن) کے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقوں میں باری باری شرکت فرمائیں اور "**کارکردگی برائے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن**" کو مدِّ نظر رکھ کر معاملات کا مشاہدہ فرمائیں اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کی تفتیش کریں۔ بہتر ہونے پر حوصلہ افزائی اور کمی پر آئندہ کے لیے تفہیم فرمائیں۔ تلاوت تا صلوٰۃ و سلام کی سعادت پانے والی اسلامی بہنوں کی غلطیوں پر تحریری اصلاح نامہ بھی دیا جائے۔

﴾12﴿ جس ڈویژن(اوورسیز میں زون) میں کوئی تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) ایسا ہو کہ جہاں دینی کام کم ہو یا افرادی قوت نہ ہو تو اس تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) کی قریبی تحصیل/ٹاؤن(اوورسیز میں ڈویژن) جو دینی کاموں کے لحاظ سے بنسبت اس کے مضبوط ہو اور فاصلہ بھی بہت زیادہ نہ ہو تو وہاں کی اسلامی بہنیں اپنی ڈویژن(اوورسیز میں زون) نگران کی اجازت سے 6 ماہ تک مضبوط ڈویژن(اوورسیز میں زون) کے سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ میں جاسکتی ہیں۔

☆ سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ کے بعد 26 منٹ کے دورانیے میں سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقے کی شعبہ سکھانے والی ذمہ داران کے ساتھ آخر کے دینی کام کریں ، شعبہ سکھانے میں جو کمی رہی ہو متعلقہ ذمہ دار کی احسن انداز میں تفہیم فرمائیں۔

﴾13﴿ نگران تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا رکن شعبہ بین الاقوامی امور "سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ "میں ترغیبی بیان کے لئے پاک دفتر سے آنے والے ماہانہ مدنی مشورے کے بیانات مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ کتاب "**اصلاح کے مدنی پھول**" وغیرہ سے کریں اور جب "سیکھنے سکھانے کے **ماہانہ دینی** حلقہ "میں شرکت کے لیے جانے والی ہوں تو ذمہ داران کی تربیت کے حوالے سے تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) میں موضوعات یا اس کے علاوہ کس کس موضوع پر بیان کی ضرورت ہے یہ پہلے سے معلوم کرلیں پھر اس کے مطابق بیان میں تربیت فرمائیں۔(موضوعات "سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کے موضوعات کی فہرست"میں موجود ہیں۔)

## ﴾14﴿ ماہانہ مدنی مشورے کے مدنی پھول:

| مدنی مشورے کی تاریخیں(انگریزی) | مدنی مشورہ لینے والی | سطح | شرکاء |
|---|---|---|---|
| 6 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (تحصیل/ٹاؤن(اوورسیز میں ڈویژن) سطح) | تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) | یو سی/سیکٹر(اوورسیز میں ذیلی) نگران |
| 7 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) | (ڈسٹرکٹ/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (تحصیل/ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) سطح) |
| 8 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) | ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار(ڈسٹرکٹ/میٹروپولیٹن (اوورسیز میں کابینہ) سطح) |
| 9 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (صوبہ/سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح) | (صوبہ/سٹی (اوورسیز میں ریجن) سطح) | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار(ڈویژن (اوورسیز میں زون) سطح) |
| 10 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ملک سطح) | (ملک سطح) | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (صوبہ/سٹی(اوورسیز میں ریجن) سطح) |
| 11 | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ (شعبہ بین الاقوامی امور) | ریجن اوورسیز | سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ریجن اوورسیز سطح) |

☆ مدنی مشورے میں مدنی پھول برائے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ پر کلام، انفرادی کارکردگی،شیڈول، ترقی و تنزلی کا جائزہ، آئندہ کے اہداف وغیرہ پر کلام کیا جائے۔

☆ ضرورتاً مدنی مشورے کی تاریخ میں باہم مشاورت سے تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

☆ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے نگران اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔

☆ اگر کسی ماہ نگران اسلامی بہن مدنی مشورہ لیں تو سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار الگ سے مدنی مشورہ نہ لیں۔

﴾15﴿ ہر سطح کی سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کی ذمہ دار "جاب ڈِسکرپشن" کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے شعبے کے کام کریں اور ہر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ تک اپنا "**کارکردگی شیڈول**" بالترتیب شعبہ ذمہ دار کو جمع کروائیں۔ ﴿"جاب ڈسکرپشن" مدنی پھول برائے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں) اور("کارکردگی شیڈول(تحصیل/ٹاؤن(اوورسیز میں ڈویژن) تا رکن شعبہ بین الاقوامی امور سطح)"مدنی پھول برائے نگران اسلامی بہنیں") میں موجود ہیں﴾

☆ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار اپنی نگران اسلامی بہن سے مربوط رہیں انہیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشاورت کرتی رہیں، جو ذمہ دار سے جتنی زیادہ مربوط رہے گی وہ اُتنی ہی مضبوط ہوتی جائے گی۔

(ان شآءَ اللہُ الکریم)

﴾16﴿ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا رکن شعبہ بین الاقوامی امور سطح) ماہانہ مدنی مشورہ میں اپنی ماتحت ذمہ داران کی بہتر کارکردگی مثلاً ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع / سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ و مدنی مشورہ کی پابندی، ہر ماہ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ کی کارکردگی وقت پر جمع کروانے اور شرکاءِ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ میں اضافہ ہونے کی صورت میں حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تحائف (کتب ورسائل، میموری کارڈ وغیرہ) دیں۔﴿یاد رہے! ڈونیشن سے تحفہ دینے کی اجازت نہیں۔﴾

☆ تحائف دیتے وقت یہ نیت بھی کروائی جائے کہ کب تک پڑھ یا سُن لیں گی؟

☆ اگر کہیں سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار مقرر نہ ہوں تو اس صورت میں نگران (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا شعبہ بین الاقوامی امور سطح) متعلقہ کام کریں۔

☆ اگر کوئی نئی سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار مقرر ہوں تو اس سے بڑی سطح کی سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار انہیں یہ مدنی پھول سمجھا کر دے دیں۔

## ﴾17﴿ ذمّہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لئے کتب امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔ خصوصاً صدر الافاضل مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام "کتاب العقائد" (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کے لیے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے جملہ کتب و رسائل اچھے بُرے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لیے "باطنی بیماریوں کی معلومات: اچھے اخلاق حاصل کرنے کا طریقہ پر مبنی منجیات کی کتابیں (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے مطالعہ کرنے کے لیے کچھ وقت مثلاً (صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل کے لیے اور اسی طرح دیگر کتب کے لیے بھی کچھ وقت مثلاً (بعد مغرب و قبل طعام 19 منٹ) خاص کیجیے۔

☆ سوشل میڈیا پر شرعی احکام کی پاسداری کرتے ہوئے کسی بھی انجانے گروپ میں شمولیت نہ فرمائیں۔ دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ اور آفیشل فیس بک پیج سے ملنے والے مدنی گلدستے ہی آپس میں شئیر کیے جائیں اس کے علاوہ از خود بنائے گئے ویڈیو کلپ کو میڈیا لائبریری و فارورڈ کا حصہ نہ بنائیں نیز دینی معلومات و باخبر رہنے کے لیے کسی بھی گروپ میں شوقیہ بھی شامل نہ ہوں اسی میں ایمان کی سلامتی و عافیت ہے۔

☆ شرعی پردے کی پابندی کریں اور دیدہ زیب برقع پہننے سے اجتناب کریں۔﴿"مدنی برقع "شرعی پردے کی اچھی صورت ہے﴾

☆ عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم دو (2) گھنٹے دینی کاموں میں صرف کیجئے، پابندیٔ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماع اور سیکھنے سکھانے کا حلقہ میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے نیک اعمال پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ جائزہ لیتے ہوئے ہر ماہ نیک اعمال کا رسالہ اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ میں کم از کم 3 دن شیڈول کے مطابق قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ رضائے رب الانام کے دینی کاموں پر عمل کرتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھیں نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں، کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھیں۔

☆ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچائیں۔ یاد رہے! کہ اسلامی بہنوں کو دعوت اسلامی کے دینی کام دن کے اوقات میں ہی کرنے ہوتے ہیں اور غروب آفتاب سے پہلے گھر پہنچنا ہوتا ہے۔

☆ دورانِ دینی کام و ملاقات امیر اہلسنت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید / طالب بنانے کی کوشش کرتی رہیں، مرید / طالب ہو جائیں تو شعبہ روحانی علاج سے مکتوب بھی منگوائیں۔

☆ دینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص نیک اعمال نمبر 21 اور 24 کی عاملہ بن جائیں۔

**نیک عمل نمبر 21:** کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، ڈویژن (اوورسیز میں زون)، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کی بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی؟

**نیک عمل نمبر 24:** کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بہن) سے برائی صادر ہونے کی صورت میں تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے آپ غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟

## ﴾18﴿ پوچھ گچھ

فرمانِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ: **"پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے۔"** (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ سیکھنے سکھانے کا حلقہ ذمہ دار (تحصیل / ٹاؤن (اوورسیز میں ڈویژن) تا رکن شعبہ بین الاقوامی امور سطح) "**مدنی پھول برائے** سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ "میں موجود دینی کام اپنے پاس ڈائری میں بطورِ یادداشت تحریر فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر مدنی پھول پر عمل ہوسکے۔

☆ ہر سطح کی سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقہ کی ذمہ دار اپنی ماتحت ذمہ داران سے معمول والے ماہانہ مدنی مشورہ میں بھی پوچھ گچھ فرمائیں کہ ان مدنی پھولوں پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آیندہ بہتری کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ "**مدنی پھول برائے** سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ "سے متعلق اگر کوئی مدنی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ " مدنی پھول برائے سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ " سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی شعبہ ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ سیکھنے سکھانے کا ماہانہ دینی حلقہ ذمہ دار (ڈسٹرکٹ (اوورسیز میں کابینہ) / ڈویژن (اوورسیز میں زون سطح) شرعی سفر ہونے کی صورت میں بحالت مجبوری ٹیلیفونک مدنی مشورہ کے ذریعے بھی مدنی پھول سمجھا سکتی ہیں۔

☆ اپنے ملک کے حالات و نوعیت کے مطابق شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں ذمہ دار (ملک سطح) اور ریجن نگران (اوورسیز) کی اجازت سے ان مدنی پھولوں میں حسبِ ضرورت ترمیم کی جاسکتی ہے۔

﴿یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد او کے ہیں۔﴾